web: www.dailypearlview.com

ABC CERTIFIED

Daily PEARL VIEW

Member AKNS

Rawalakot

ایڈیٹر انچیف: شفقت ضیاء

روزنامہ

پرل ویو

راولاکوٹ

جلد 10	منگل 30 جولائی 2024ء، 23 محرم الحرام 1446ھ، 17 ساون 2081ب	صفحات 04 قیمت 20 روپے	شمارہ 152

Email: dailypearlview@gmail.com

ہیپاٹائٹس سے بچاؤ
کا عالمی دن
We're not Waiting

جامعہ پونچھ ہیپاٹائٹس سے بچاؤ کے عالمی دن پر آگاہی واک سیمینار

شعبہ میڈیکل لیب ٹیکنالوجی کے تحت سیمینار میں بیماری کی اقسام، علامات، روک تھام، تشخیص اور ویکسینیشن پر تبادلہ خیال

طلبہ کلاس روم سے باہر تجربات پر بھی فوکس کریں، ڈاکٹر شاہد اقبال، ڈاکٹر عبدالقدوس، ڈاکٹر رضوان کیانی اور دیگر کا خطاب

راولاکوٹ (پرل نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ کی فیکلٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے شعبہ "میڈیکل لیب ٹیکنالوجی" کے زیر اہتمام اور "ہیپاٹائٹس سے بچاؤ کے عالمی دن" کے موقع پر "آگاہی واک اور سیمینار" کا انعقاد کیا گیا۔ واک اور سیمینار میں میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے طلباء، طالبات سمیت فیکلٹی ممبران نے شرکت کی۔ جبکہ سیمینار سے ڈین ہیلتھ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر شاہد اقبال اعوان نے بحثیت مہمان خصوصی جبکہ پونچھ میڈیکل کالج اور سی ایم ایچ راولاکوٹ کے ڈاکٹرز

(بقیہ 31 صفحہ 03)

ایسوی ایٹ پروفیسرز ڈاکٹر عبد القدوس (ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ) اور ڈاکٹر رضوان سعید کیانی نے بطور ریسورس پرسنز طلبہ کو ہیپاٹائٹس کی اقسام، ہیپاٹائٹس اے، بی، سی، ڈی اور ای کے جگر پر اثرات، روک تھام کے طریقے، ہیپاٹائٹس کی منتقلی کو روکنے کے طریقوں، ویکسینیشن HBV اور (HAV)، محفوظ خون کی منتقلی، محفوظ انجکشن اور طبی طریقہ کار، محفوظ جنسی عمل، ذاتی اشیاء کو شیئر کرنے سے گریز اور دیگر حفاظتی اقدامات سے متعلق آگاہ کیا۔ ریسورس پرسنز نے ہیپاٹائٹس کی علامات اور تشخیص، عام علامات (مثلاً یرقان، تھکاوٹ، متلی) اور تشخیصی ٹیسٹ (مثلاً جگر کے فنکشن ٹیسٹ، وائرل لوڈ ٹیسٹ) کی بھی وضاحت کی۔ ڈاکٹرز نے دستیاب علاج "اینٹی وائرل ادویات اور جگر کی پیوندکاری سے متعلق بھی بتایا۔ ڈاکٹرز نے ہیپاٹائٹس سے متعلق عام غلط فہمیوں کو دور کرنے کی ضرورت پر زور دیا اور کہا کہ میڈیکل علاج کی موجودگی میں "شفٹ" سے گریز کریں۔ ڈاکٹرز نے پاکستان میں ہیپاٹائٹس کی شرح پھیلاؤ، اموات کے اعداد و شمار پیش کئے اور ویکسینیشن کی ضرورت پر زور دیا۔ ڈاکٹر شاہد اقبال نے کہا کہ طلبہ کیلئے اس طرح کے سیمینارز کے انعقاد کا مقصد یہ ہے کہ وہ پیشہ ور افراد کے تجربات سے استفادہ کریں اور فیلڈ میں کام کر کے تجربات حاصل کریں۔ اس موقع پر ڈاکٹرز نے طلباء، طالبات کے مختلف سوالات کے جوابات دیئے۔ سیمینار میں چیئرمین میڈیکل لیب ٹیکنالوجی ڈاکٹر عثمان اور ڈاکٹر فہد سعید نے بھی اظہار خیال کیا۔ اس موقع پر چیئرمین شعبہ فارمیسی ڈاکٹر عابد حسین اور دیگر بھی موجود تھے۔